# چانسلر کا ضابطہ

NYC Department of Education

| | | | |
|---|---|---|---|
| زمرہ: | طلبا | جاری کردہ: 1/17/13 | نمبر: **A-850** |
| موضوع: | **ماحولیاتی تحفظ** | | صفحہ 1 کا 1 |

**تبدیلیوں کا خلاصہ**

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطہ A-850 مورخہ 15 جولائی، 2009 کی جگہ نافذ العمل ہے-

ضابطے میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں کی جا چکی ہیں:

- نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم ("DOE") میں موجودہ تنظیم اور DOE کی پالیسی کی عکاسی کرتا ہے ( ملاحظہ کریں حصہ V صفحہ 5-3)
- ضابطے کا نام "ماحولیاتی تحفظ" میں تبدیل کر دیا گیا ہے اور یہ محکمۂ تعلیم کی عمارتوں میں ماحولیات کے تحفظ کی اہمیت کی عکاسی کرتا ہے۔
- اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ DOE کے ماتحت کام کرنے والے اسکول اور مقامات بشمول DOE کی عمارتوں میں واقع چارٹر اسکول DOE کے نظم و نسق کے مطابق کام کر رہے ہیں، مخصوص جائے وقوع کی کچرا پھینکنے کے انسداد، دوبارہ استعمال کرنے، ریسائیکلینگ کے منصوبے اور توانائی بچانے کے منصوبے ( ماحولیاتی تحفظ کا منصوبہ) کا نفاذ اور اس کو قائم کرنا- ( ملاحظہ کریں حصہ II اور V(K)، صفحہ 1,5)
- ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کو نافذ کرنے کے لیے ذمہ دار DOE کے عملے کے کردار اور ذمہ داریوں کی وضاحت کرتا ہے ( ملاحظہ کریں حصہ VI، صفحہ 5-6)۔
- ماحولیاتی تحفظ کی آغاز کاریوں کی پیشرفت پر رپورٹ دینے کے لیے نئے گوشوارۂ وقت اور طریقہ کار قائم کرتا ہے- (ملاحظہ کریں حصہ V(K)، صفحہ 5-6)۔
- ایک اسکول یا جائے وقوع کی جانب سے عمارت کی بہتری کے لیے جمع کروائی گئی درخواست کو منظور یا مسترد کرنے کے لیے محکمۂ تعلیم کی پالیسی کو قائم کرتا ہے-

## اختصار

نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم ("DOE") اس بات کو جانتا ہے کہ ریسائیکلینگ اور ماحولیات کا تحفظ اہم ترجیحات ہیں- پلین این وائی سی (PlanNYC)، نیو یارک شہر مقامی قانون 2010 کا نمبر 41 "شہر پیما ریسائیکلینگ" اور مقامی قانون 2008 ,22 "نیو یارک شہر موسمیاتی تحفظ کے ایکٹ میں خاکہ کش کردہ خطوط کے مطابق نیو یارک شہر کی ماحولیاتی تحفظ کی نئی آغاز کاری کے ساتھ مربوط، یہ ضابطہ ماحولیاتی تحفظ کی اہمیت پر زور دینے کے لیے، ایک ایسی فضا قائم کرنے کے لیے جو ماحولیاتی اہداف کے لیے مالی ذمہ داری کو قبول کرے، عمارت کی کارکردگی کو اجاگر کرنے کے لیے، اور ہمارے طلبا کی ماحولیاتی تحفظ پر توجہ مرکوز کرنے میں مشغول ہونے کی حوصلہ افزائی کر کے ہمارے طلبا میں شہریت کے احساس کو پروان چڑھانے کے لیے DOE کے تمام مقامات اور اسکولوں سے ماحولیاتی تحفظ کے طریقوں کو اپنانے اور رپورٹ دینے کا تقاضا کرتا ہے-

خاص طور پر، یہ ضابطہ DOE کے ماتحت کام کرنے والے ہر ایک مقام اور اسکول، بشمول DOE کی عمارتوں میں واقع چارٹر اسکولوں سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ یہ مخصوص جائے وقوع کے کچرا پھینکنے کے انسداد، دوبارہ استعمال کرنے، ریسائیکلینگ اور توانائی بچانے کے منصوبے ( ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے)[1] کو مکمل کریں اور اس کو نافذ کریں جس کو DOE کے ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلیٰ کے ذریعے سالانہ تقسیم کیا جائے گا- اس کے علاوہ، DOE کے ماتحت تمام مقامات اور اسکولوں کے لیے لازمی ہے کہ یہ DOE کی جانب سے تقسیم کیے جانے ماحولیاتی تحفظ کے سالانہ سروے کو مکمل کریں ماحولیاتی تحفظ کا منصوبہ، دیگر امور کے علاوہ، ہر مقام کے ریسائیکلینگ اور کچرے میں کمی کرنے کی سرگرمیوں اور توانائی کے استعمال کے بارے معلومات فراہم کرے گا- یہ ضابطہ DOE کے تمام مقامات اور اسکولوں میں ماحولیات کے تحفظ کے منصوبے کو معیاری بنانے کے لیے طریقہ کار اور معمول قائم کرتا ہے اور DOE کے تمام ملازمین سے DOE کے ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کی تعمیل کرنے کا تقاضا کرتا ہے-

## I- مجموعی جائزہ

حال ہی میں، نیو یارک شہر اور شہری کانسل نے قوانین کے سلسلے اور پروگراموں کو نافذ کیا ہے جو DOE اور شہر کی دیگر ایجنسیوں سے گرین ہاؤس آلودگی میں کمی کرنے اور عام طور پر ماحولیات کے تحفظ پر توجہ مرکوز کرنے کا تقاضا کرتے ہیں- 2007 میں، شہر نے پلین این وائی سی پر اپنی ماحولیاتی پالیسی کو خاکہ کش کیا تھا جو دیگر امور کے علاوہ، ان عمارات میں گرین ہاؤس کی آلودگی میں 30% کمی کرنے کا مطالبہ کرتا ہے جو شہر کی ملکیت ہیں- 2010 میں شہر کی کانسل نے مقامی قانون نمبر 41 "شہر پیما ریسائیکلینگ" لاگو کیا تھا جو دیگر امور کے علاوہ چانسلر سے ماحولیاتی تحفظ کے ایک ایسے مساعدِ اعلیٰ کو تقرر کرنے کا تقاضا کرتا ہے جو DOE کے تمام اسکولوں اور عمارتوں میں کچرا پھینکنے کے انسداد، دوبارہ استعمال کرنے اور ریسائیکلینگ کے فروغ کے لیے DOE کی ماحولیاتی تحفظ کی پالیسیوں، رہنما خطوط، اور اہداف کو فروغ دیں گے- مزید برآں، اگست 2011 میں سٹی ہال نے ایک نیا پروگرام دی سٹی انسینٹو الائنمینٹ پروگرام (Energy Incentive Alignment Program) تخلیق کیا تھا، جو DOE کی توانائی کے تمام اخراجات کی ذمہ داری DOE کو منتقل کرتا ہے-

## II- ماحولیاتی تحفظ کی پالیسی

ماحولیاتی تحفظ عموماً ہمارے طلبا کی صحت، اسکولی عمارتوں اور ماحول پر بہت زیادہ اثر انداز ہوتا ہے- جیسے کہ ماحولیاتی تحفظ ایک اہم ترجیح ہے اور یہ شہر کے مستقبل کے لیے اہم ہے، DOE مندرجہ ذیل کے لیے پابندِ عہد ہے:

- اسکولوں کی توانائی بچانے، ریسائیکلینگ کرنے، حیاتیاتی ماحول، ماحول کے بہتر نصاب کے لیے ماحولیاتی تحفظ کے اہداف کو اپنانے کی حوصلہ افزائی کرنا-
- اخراجات میں کمی کرنے اور گرین ہاؤس گیس کی آلودگی میں کمی کرنے کے لیے توانائی بچانے کے طریقوں اور پرگراموں کا اطلاق کرنا
- ریسائیکلینگ کرنے اور کچرے میں کمی کرنے کے طریقوں کا اطلاق کر کے ذیل کرے (1) کوڑے کرکٹ سے بھرائی کی جانے والی زمین کے اس کوڑے کرکٹ میں کمی کرنا جس کو بصورتِ دیگر ریسائیکل، دوبارہ استعمال یا اس کا آمیزہ بنایا جاتا- اس طرح مقامی معاشی مواقع تخلیق ہونے چاہیئے، (2) کوڑے کرکٹ سے بھرائی کی جانے والی زمین کے بوجھ میں کمی کرنا اور (3) کوڑے کرکٹ اور کچرے کی نقل و حمل سے گرین ہاؤس گیس کی آلودگی میں کمی کرنا؛
- ایسے پروگراموں کو فروغ دینا جو ذیل کریں (1) طلبا اور عملے کا قدرت سے رابطہ بنانے کے لیے اسکولوں کی باغات،

[1] DOE کی ماحولیاتی تحفظ کی آغاز کاری، ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے اور ماحولیاتی تحفظ کے سالانہ سروے کے متعلق معلومات کو http://schools.nyc.gov/sustainability/ پر پایا جا سکتا ہے-

پودوں کے درخت لگانے کی اور مزید کھیلوں کے میدان کھولنے کی حوصلہ افزائی کرنا (2) تندرست انداز میں زندگی گذارنے کے انتخابات کرنے کی حوصلہ افزائی کرنا اور (3) پلین این وائی سی سٹیز ملین ٹریز[2] (City's million Trees Program) کے اہداف کو پورا کریں، اور

- DOE کے ماتحت اسکولوں اور سہولیات بشمول DOE کی عمارتوں میں واقع چارٹر اسکول سے ان کے کیوبیکلز، دفاتر اور کمرۂ جماعتوں سے غیر ضروری ذاتی اشیا ( مثال کے طور پر مائیکرو ویوے اون، چھوٹے ریفریجیٹروں، کافی بنانے والی مشینوں، ذاتی پھنکوں، اور ذاتی ہیٹروں)کو ہٹانے کا مطالبہ کر کے توانائی کے استعمال میں کمی کرنا کیونکہ یہ اشیا نہ صرف بڑی مقدار میں بجلی استعمال کرتی ہیں بلکہ یہ ہمارے طلبا اور عملے کے لیے آگ لگنے کے خطرے کا باعث بن سکتی ہیں اور موذی کیڑوں کا باعث بن سکتی ہیں اور DOE کے ماحول پر کاربن کے اثرات میں کمی کرنا- اس کے بجائے ہر ایک اسکول یا مقام پر کم سے کم ایک مرکزی جگہ میں استعمال کرنے کے لیے اس نوعیت کا سامان دستیاب ہو گا- جیسے کہ اسکول کا وسائل کا کمرہ، اساتذہ کا فارغ وقت کا کمرہ، یا عمارت میں دستیاب دیگر جگہ؛ اور
- مشترکہ بنیادی نصاب میں ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کو باہمی طور پر کس طرح ملایا جائے اور ماحولیاتی تحفظ کے اصولوں کے گرد طلبا کی برادری میں مشغولیت کی قیادتی صلاحیتوں کی تعمیر کس طرح کی جائے کے لیے محکمۂ تعلیم کے اسکولوں وسائل اور رہنمائی فراہم کرنا-

اس طرح، DOE کے ماتحت تمام مقامات اور اسکول، بشمول DOE کی عمارتوں میں واقع چارٹر اسکول کے، ان کے لیے مخصوص جائے وقوع کے لیے ماحولیاتی تحفظ کا ایسا منصوبہ تشکیل کرنا لازمی ہے جو کہ ایک اسکول اور مقام کے ماحولیاتی تحفظ کے اہداف کو خاکہ کش کرے- ہر اسکولی سال میں، DOE کو آن لائن درخواست کا ایسا فارم یا خاکہ تقسیم کرنا چاہیئے جو اسکولوں بشمول چارٹر اسکولوں کو اس قابل بنائے کہ یہ اپنے ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کو تشکیل دے سکیں اور DOE کے پاس جمع کرواسکے- مزید برآں ہر تعلیمی سال میں، DOE کے ماتحت تمام اسکولوں اور مقامات کو ماحولیاتی تحفظ کے ایک سالانہ سروے کو مکمل کرنا چاہیئے-

ماحولیاتی تحفظ کا منصوبہ پرنسپلوں، یا غیر اسکول عمارتوں میں، عمارت کے کپتان سے مندرجہ ذیل معلومات کو مکمل کرنے کا تقاضا کرے گا:

- اسکول یا عمارت کے لیے ماحولیاتی تحفظ کے ربط دہندہ کی نشان دہی کرنا؛
- گرین ٹیم[3] کے ممبران کی نشان دہی کرنا؛
- ماحولیاتی تحفظ کے موجودہ طریقوں کی نشان دہی کرنا؛
- توانائی بچانے کے اہداف اور عملی اقدامات کی نشان دہی کرنا؛
- ریسائیکلینگ کے اہداف اور عملی اقدامات کی نشان ہی کرنا؛
- حیاتیاتی ماحول کے اہداف کی نشان دہی کرنا؛
- ماحول کے تحفظ کے ایسے نصاب یا پروگراموں کی نشان دہی کرنا جو ماحولیاتی تحفظ کو نصاب سے ہم آہنگ کریں-
- تمام غیر ضروری لوازمات (مائیکرو ویوے اون، چھوٹے ریفریجیٹروں، کافی بنانے والی مشینوں، ذاتی پھنکوں، اور ذاتی ہیٹروں)کو کام کرنے کی جگہ (کیوبیکلز)، دفاتر اور کمرۂ جماعتوں سے ہٹانے کے لیے پابندِ عہد ہوں-

## III. ماحولیاتی تحفظ کے کلیدی پروگرام

DOE کی ماحولیاتی تحفظ کی تجاویز، رہنما خطوط، اور ماحولیاتی تحفظ کی دیگر متعلقہ معلومات ذیل پر دستیاب ہیں http://schools.nyc.gov/community/facilities/sustainability/default.htm

ماحولیاتی تحفظ کے وہ کلیدی پروگراموں ذیل شامل ہیں جن کے لیے محکمۂ تعلیم کے ماتحت تمام مقامات اور اسکولوں کی DOE حوصلہ افزائی کرتا ہے:

- وہ اسکول جو گرین کپ اینرجی کے سالانہ مقابلے[4] میں شرکت کرتے ہیں ان اسکولوں کی تعداد میں اضافہ کرنا-
- ضائع شدہ کھانے کے آمیزہ پروگرام (food waste composting program) کو DOE کے تمام اسکولوں اور مقامات میں

---

[2] سٹی ملین پروگرام اگلے دس سالوں میں دس لاکھ نئے درختوں کے لیے شہر کی منصوبہ بندی اور نگہداشت کا خواہاں ہے-

[3] اسکول گرین ٹیم بنیادی طور ذیل پر مشتمل ہوتی ہیں، پرنسپل، ماحولیاتی تحفظ کے ربط دہندہ، اساتذہ، طلبا، عمارت کے نگران انجینیئر، استادوں کی متحدہ تنظیم (UFT) اسکولی قائد ، دفتری قائد، والدین اور اسکول کے برادری کے وہ دیگر شراکت دار جن کو پرنسپل شمولیت کرنے کے معقول تصور کرے گا- گرین تیم اور آغاز کیسے کیا جائے کے بارے میں تجاویز کو ذیل پر پایا جا سکتا ہے- http://schools.nyc.gov/community/facilities/sustainability/Greening/default.htm.

[4] گرین کپ اینرجی مقابلہ ایک ایسے پروگرام کا حوالہ ہے جو DOE کے اسکولوں کی مجموعی طور پر توانائی بچانے اور گرین ہاؤس آلودگی میں کمی کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے- اس مقابلے میں شامل اسکول اپنے میٹروں کو ہر ہفتے پڑھتے ہیں اور مقابلے میں شرکت کرتے ہیں- ذیل ملاحظ کریں http://www.greencupchallenge.net/nyc/index.html.

نافذ کرنا، اس کا آغاز منتخب اسکولوں[5] میں ابتدائی پروگرام سے کرنا۔

- ماحولیاتی تحفظ کے ربط دہندگان، عمارت کے نگران انجینیئروں، عمارت کے مینیجروں اور اسکولی کھانے کے عملے کے لیے ماحولیاتی تحفظ کی تربیت کے مواقع فراہم کرنا۔

## IV. تعمیل

ڈویژن برائے احتساب، کارکردگی اور معاونت ("DAPS") کی معاونت کے ساتھ ڈویژن برائے اسکولی سہولیات ("DSF") اس بات کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہے کہ مطلوبہ ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کو DOE کے ہر مقام میں مکمل اور نافذ کر لیا گیا ہے۔

DOE کے تمام ملازمین سے ریسائیکلینگ پر عمل کرنا اور اس کو فروغ دینا کوڑے کرکٹ میں کمی کرنا، دوبارہ استعمال کرنا۔ مزید یہ، DOE کے تمام ملازمین کے لیے تمام سازو سامان بشمول کاغذی اشیا، دفتر کے سازو سامان، برقیاتی آلات لیکن انھی تک محدود نہیں ہے، ماحولیاتی ترجیحاتی قوانین کے ذریعے قائم حصول کے طریقہ کار کے احکامات کی تعمیل کرنا لازمی ہے۔ http://www.nyc.gov/html/mocs/html/programs/epp.shtml.

DOE کے ماتحت ان اسکول یا مقامات بشمول DOE کی عمارتوں میں واقع چارٹر اسکول کی حد تک جو کہ ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کی شرائط اور دفعات کی تعمیل نہیں کر سکتے ہیں، ان اسکولوں یا مقامات کو DSF کے پاس تحریر میں ایک درخواست جمع کروا کے ایک استثنٰی کی گذارش کرنی چاہیئے۔

## V. کردار اور ذمہ داریاں

### A. ڈویژن برائے اسکولی سہولیات کے افسرِ اعلٰی

ڈویژن برائے اسکولی سہولیات ("DSF") کے افسرِ اعلٰی ("CEO") کو چانسلر کے نمائندے کے طور پر ہر سال کی پہلی جنوری کو گذشتہ مالی سال کے لیے کمیشنر برائے محکمۂ صفائی ("DSNY") کو ماحولیاتی تحفظ کی ایک سالانہ رپورٹ پیش کرنی چاہیئے۔

### B. ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی

ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی کوڑے کرکٹ کے انسداد، دوبارہ استعمال کرنے، ریسائیکلینگ کے طریقوں، توانائی بچانے، حیاتیاتی ماحول کے تحفظ، پانی کی کارگزاری، ہوا کا معیار اور ماحولیاتی تحفظ سے متعلق دیگر پروگراموں کو فروغ دینے کے لیے پالیسیاں، رہنما خطوط اور اہداف قائم کرنے کے لیے ذمہ دار ہوں گے جن کا نفاذ انفرادی اسکولوں میں موحولیاتی تحفظ کے ربط دہندہ کے ذریعے کیا جائے گا۔

ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی ماحولیاتی تحفظ کی درخواست کو فروغ دینے کے ذمہ دار ہوں گے جس کو DOE کے ماحولیاتی تحفظ کی آغاز کاری کے اہداف کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ مساعدِ اعلٰی کو یہ یقینی بنانا چاہیئے کہ DOE کے ماتحت تمام اسکول ماحولیاتی تحفظ کے سالانہ سروے کو مکمل کریں اور اس کو جمع کروائیں۔

ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی کو اسکولوں سے ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کے نفاذ کی پیشرفت کی معلومات کو اکٹھا کرنے کے لیے ماحولیاتی تحفظ کے سالانہ سروے کو اسکولوں کے ماحولیاتی تحفظ کے ربط دہندگان کو بھیجنا چاہیئے۔ ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی کو ریسائیکلینگ، توانائی بچانے کے افسرِ اعلٰی اور محکمۂ تعلیم کے لیے تمام ماحولیاتی تحفظ کی تمام دیگر سرگرمیوں کے متعلق، جیسا کہ مذکورہ بالا میں بیان گیا ہے، ایک سالانہ رپورٹ ( " ماحولیاتی تحفظ رپورٹ") تیار کرنی چاہیئے۔

### C. ماحولیاتی تحفظ کے نائب مساعدِ اعلٰی

ماحولیاتی تحفظ کے نائب مساعدِ اعلٰی DOE کے تمام مقامات کے لیے DOE کی ریسائیکلینگ کی پالیسی کو فروغ دینے اور مربوط بنانے کے لیے اور محولیاتی تحفظ کی رپورٹ کے ریسائیکلینگ کے حصے کو مربوط بنانے کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔ ماحولیاتی تحفظ کے نائب مساعدِ اعلٰی کو DOE کے تمام مقامات میں ریسائیکلینگ اور کوڑے کرکٹ میں کمی کرنے کی پالیسی اور رہنما خطوط کو تقسیم کرنا چاہیئے اور جب ضرورت ہو گی تو یہ انفرادی اسکول کو تکنیکی معاونت فراہم کریں گے۔

[5] شہر کے آمیزہ پروگرام کے لیے براہِ کرم ذیل ملاحظ کریں http://www.nyc.gov/html/nycwasteless/html/compost/composting_nyc.shtml.

### D. توانائی کے نائب مساعدِ اعلٰی

توانائی کے نائب مساعدِ اعلٰی DOE کی توانائی بچانے کی پالیسی کو فروغ دینے اور اس کو مربوط بنانے، نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم شہر پیما انتظامی خدمات اور ڈویژن برائے توانائی کی انتظامیہ ("DCAS DEM") کے درمیان ربط کار ہونے، اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ روزمرہ استعمال کی جانے والی اشیا کے استعمال کے لیے DOE سے درست طور پر دام موصول کیے جارہے ہیں اور بل کے اندازوں میں کوئی غلطی نہ ہونے، اور EPA اسٹار پورٹ فولیو مینیجر کے اکاؤنٹ میں تجدید کرنے کے ذمہ دار ہوں گے-

نائب مساعدِ اعلیٰ برائے توانائی کو محکمۂ تعلیم کے مقامات کے لیے توانائی کے استعمال کو منتظم کرنے کے لیے پالیسیاں اور رہنما خطوط تقسیم کرنے چاہیئے اور ضرورت پڑنے پر محکمۂ تعلیم کے مقامات کو تکنیکی معاونت فراہم کرنی چاہیئے- نائب مساعدِ اعلیٰ برائے توانائی روزمرہ استعمال کی اشیا کے بارے میں عمارت کے نگراں انجینیئر اور ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار کے ساتھ وقفہ جاتی طور پر بات چیت کریں گے اور یہ گرین اسکول آلائنس گرین کپ چیلنج جیسے توانائی بچانے کے پروگراموں کو فروغ دیں گے اور حسبِ ضرورت تربیتی پروگرام فراہم کریں گے-

### E. بچوں کو اولیت کے روابطی جال ( چلڈرن فرسٹ نیٹ ورک) کے مقامی ربط کار

ہر ایک چلڈرن فرسٹ نیٹ ورک میں ایک مقامی ربط کار تقرر کیا جانا چاہیئے جو جال ( نیٹ ورک) کے اندر اسکولوں میں ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کی نگرانی، تشخیص کرنے اور اس کے نفاذ پر رپورٹ فراہم کرنے میں محکمۂ تعلیم کی کوششوں میں مدد کریں گے- مقامی ربط کار جائے وقوع کے نائب مساعدِ اعلٰی کے ساتھ حسبِ ضرورت ہم ربط رہیں گے-

### F. پرنسپل

ہر ایک پرنسپل اپنے اسکول میں تحفظاتی منصوبے کی تکمیل اور اس کے نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہوں گے- ہر ایک پرنسپل اپنے اسکول کے انتظامیہ یا تدریسی عملے سے اس انفرادی اسکول کے لیے کسی ایک فرد کو ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار کے طور پر تقرر کریں گے-

اگر اسکول ایک کیمپس ( مثال کے طور پر ایک عمارت میں ایک سے زائد اسکول یا پروگرام) میں واقع ہے، تو مختلف اسکولوں کے پرنسپل عمارت میں واقع تمام مختلف اسکولوں کے لیے کسی ایک فرد کو ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار کے طور پر خدمات انجام دینے کے لیے تعین کر سکتے ہیں-

پرنسپلوں کو DCAS, DEM اور محکمۂ تعلیم کے شعبہ صحت اور دماغی صحت کی جانب سے موصول ہونے والے گرمی ( ہیٹ) اور ایئرکنڈیشن کے لیے عمومی احکامات کی تعمیل کو یقینی بنانا چاہیئے جیسے بھی مناسب ہو-

### G. عمارت کے کپتان

محکمۂ تعلیم کی غیر اسکول عمارت کا ہر ایک کپتان اس عمارت میں ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کی تکمیل اور اس کے نفاذ کے لیے ذمہ دار ہو گا- عمارت کے ہر ایک کپتان کو اس انفرادی عمارت کے لیے عمارت کے کسی مکین کو ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار کے طور پر تقرر کرنا چاہیئے-

محکمۂ تعلیم کی غیر اسکول عمارت کے ہر ایک کپتان کو غیر ضروری ذاتی اشیا ( مثال کے طور پر مائیکرو ویوے اون، چھوٹے ریفریجیٹروں، کافی بنانے والی مشینوں، ذاتی پھنکوں، اور ذاتی ہیٹروں) کو کیوبیکلز اور دفاتر سے مستقل طور پر ہٹا دینا چاہیئے- عمارت کے کپتان کو DCAS, DEM اور محکمۂ تعلیم کے شعبہ صحت اور دماغی صحت کی جانب سے موصول ہونے والے گرمی ( ہیٹ) اور ایئرکنڈیشن کے لیے عمومی احکامات کی تعمیل کو یقینی بنانا چاہیئے جیسے بھی مناسب ہو-

### H. ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار

ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار ذیل کے لیے ذمہ دار ہوں گے:

- اسکول کے ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کی، اور ایک غیر اسکول عمارت کی صورت میں، عمارت کے ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کی تکمیل اور اس کے نفاذ کے لیے- ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار کو اسکول یا عمارت میں ریسائیکلینگ کے طریقوں کا جائزہ لینا چاہیئے اور پرنسپل / کپتان کو ان طریقوں سے مطلع کرنا چاہیئے- ان کو اسکول کی عمارت میں ماحولیاتی تحفظ کے نصاب کے فروغ کی آغازکاریوں کے حصے کے طور پر خدمات انجام دینی چاہیئے-
- توانائی بچانے کے پروگراموں میں محکمۂ تعلیم کی جانب سے فراہم کردہ ریاستہائے متحدہ EPA اینرجی اسٹار پورٹ فولیو مینیجر کو استعمال کیا جانا چاہیئے-

- اگر اسکول ایک کیمپس میں واقع ہے تو، اسکولوں کے ماحولیاتی تحفظ کے ربط کاران کو توانائی بچانے کے لیے اپنی کوشیشوں ( مثال کے طور پر استعمال نہ ہونے والی بتیوں کو بجھانا اور سازوسامان کو بند کرنا) کو مربوط بنانے کے لیے کیمپس پیما اجلاس کرنی چاہیئے-
- ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار کو ماحولیاتی تحفظ کے سالانہ سروے کو مکمل کرنا اور اس کو محکمۂ تعلیم کے ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی کے پاس جمع کروانا چاہیئے-
- ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار کو اسکول میں ماحولیاتی تحفظ کی تمام آغاز کاریوں کے فروغ اور نفاذ کے لیے اسکول کے تمام شعبوں کے نمائندگان کے ساتھ مشاورت کرنی چاہیئے بشمول پرنسپل، کھانے کی خدمات، انتظامیہ اور سہولیات کے عملے اور جہاں بھی ممکن ہو والدین اور طلبا کے-

### I. سہولیات کے نائب مساعدِ اعلٰی

سہولیات کے نائب مساعدِ اعلٰی کو ہر اسکول کے ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے عمارت کے نگراں انجینیئر اور عمارت کے مینجروں کی نگرانی کرنی چاہیئے-

### J. عمارت کے نگراں انجینیئر اور عمارت کے مینیجر

ہر عمارت کے نگراں انجینیئر اور عمارت کے مینیجر ذیل کے لیے ذمہ دار ہوں گے:

- ہر ایک اسکول میں ایک شفاف تھیلے کے ساتھ تقرر رکدہ ریسائیکلینگ کے لیے کچرادان فراہم کرنے چاہیئے- ( کاغذٗ کچردان بغیر تھیلے کے ہو سکتے ہیں)
- اس بات کی نگرانی کرنا کہ نیو یارک محکمۂ صفائی (DSNY) کے لیے کمرۂ جماعتوں میں کچرا اکٹھا کرنے دوران چھوٹے (حسبِ ضرورت) ریسائیکل کے کچرادانوں کے کچرے کو پلاسٹک کے بڑے شفاف تھیلوں میں منتقل کیا جائے- ریسائیکل کے قابل علیحدہ کردہ اشیا کو کبھی عام کچرے کے تھیلے میں قطعاً نہیں ڈالنا چاہیئے-
- تکمیل نہ کرنے والے کمرے، جگہ یا عملے کے بارے میں ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار یا پرنسپل ( پرنسپلوں) / عمارت کے کپتان کو مطلع کرنا-
- نیو یارک شہر محکمۂ تعلیم کے محکمۂ صفائی (DSNY) کے لیے ریسائیکل کے قابل تمام کچرے لے جانے کے لیے، شفاف پلاسٹک کے تھیلوں میں مقررہ جگہ پر اور مقررہ وقت پر رکھنا؛
- عمارت کی توانائی کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے عمارت کے نظام کو بہتر بنانا اور نیو یارک شہر کی جانب سے پیش کیے جانے والے( مفت) عمارت کے نگراں سرٹیفکٹ کے تربیتی پروگرام میں شرکت کرنا؛

### K. رپورٹ دینا

1. ہر پرنسپل اور عمارت کے کپتان کو ہر سال کے ستمبر کے آخری جمعے تک اسکول یا عمارت کے لیے بالترتیب ایک ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار کو تقرر کرنا چاہیئے اور ان کو ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی کو ایک ویب سائٹ کے ذریعے مطلع کرنا چاہیئے جس کو پرنسپلوں اور عمارت کپتانوں کے درمیان تقسیم کیا جائے گا-
2. ماحولیاتی تحفظ کے ہر ربط کار کے لیے لازمی ہے کہ محکمۂ تعلیم کی جانب سے فراہم کردہ ہدایات کے مطابق ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کو مکمل کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ ماحولیات کے تحفظ کے منصوبے پر ماحولیاتی تحفظ کے ربط کار اور پرنسپل، اور عمارت کے نگراں انجینئر / عمارت کے مینیجر نے ہر سال کے اکتوبر کے آخری جمعے تک دستخط کر دیئے ہیں-
3. ماحولیاتی تحفظ کے ہر ربط کار کے لیے لازمی ہے کہ یہ ہر سال کے جون کے دوسرے جمعے تک ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی کی جانب سے جاری کیے گئے ماحولیاتی تحفظ کے سالانہ سروے کو مکمل کریں. .
4. ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کے حصے کے طور پر عمارت کے ہر کپتان کو ایک اسکول کے بغیر عمارت میں سے غیر ضروری ذاتی اشیا( مثال کے طور پر مائیکرو ویوے اون، چھوٹے ریفریجیٹڑوں، کافی بنانے والی مشینوں، ذاتی پھنکوں، اور ذاتی ہیٹروں) کو کیوبیکلز اور دفاتر سے ہٹانے کی اطلاع سالانہ دینی چاہیئے-
5. ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی کو افسرِ اعلٰی کے لیے ہر سال کی 1 جنوری تک چانسلر کے پاس جمع کروانے کے لیے ماحولیاتی تحفظ کی ایک سالانہ رپورٹ تیار کرنی چاہیئے- ماحولیاتی تحفظ کی سالانہ رپورٹ میں کچرے کے انسداد کے ان اقدامات کو شامل ہونا چاہیئے جن کو گذشتہ مالی سال کے دوران محکمۂ تعلیم کے ذریعے اپنایا اور نافذ کیا گیا تھا-

## VI. عمارت کی بہتری کے پراجیکٹ

A. جب ایک اسکول، عمارت کی بہتری کے ایک ایسے پراجیکٹ کی منظوری کی درخواست دیتا ہے جو کہ عمارت توانائی کے استعمال کو بہتر بنائے گا( مثال کے طور پر ایک ایئرکنڈیشنر یا ایک سمارٹ بورڈ کی درخواست کرنا)، پرنسپل یا

عمارت کے کپتان کے لیے لازمی ہے کہ سب سے پہلے اپنے افسرِ اعلٰی کے پاس تجویز جمع کروائیں- ایسی تجاویز میں توانائی کے استعمال کو کم کرنے والے مخصوص سازوسامان کی معلومات اور ایک ایسے منصوبے کی وضاحت کو شامل ہونا چاہیئے جو یہ بیان کرے کہ درخواست کردہ سازوسامان اسکول کے ماحولیاتی تحفظ کے منصوبے کے توانائی کے استعمال میں کمی کرنے کے اہداف کی تکمیل کس طرح کرے گا- ایسے سازوسامان کی تمام درخواستوں کو اسکول کی توانائی کے استعمال میں اضافہ نہیں کرنا چاہیئے، ایک اسکول کے لیے، ماحولیاتی تحفظ کے مساعدِ اعلٰی کی جانب سے اسکول یا عمارت کو بھیجے جانے والے توانائی کے استعمال میں کمی کرنے والے فارم کو مکمل کرنا لازمی ہے- عمارت کے ایسے پراجیکٹ کے متعلقہ سازوسامان یا خدمات کی خریداری کا دارومدار افسرِ اعلٰی سے منظوری موصول ہونے پر ہے-

B. اگر افسرِ اعلٰی توانائی کے استعمال میں کمی کرنے والے فارم پر اسکول کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر عمارت کی بہتری کے پراجیکٹ کی منظوری دے دیتا ہے اور بعد میں یہ دریافت کیا جاتا ہے کہ اسکول یا عمارت توانائی کے استعمال میں کمی کرنے کے فارم کی تکمیل نہیں کر رہا ہے، تو محکمۂ تعلیم کو یہ حق حاصل ہے کہ یہ منظور کردہ سازوسامان کو ہٹائے یا ہٹانے کی درخواست کرے-

## VII. اسفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات درج ذیل کو بھیجی جانی چاہئے:

| ٹیلیفون | | فیکس |
|---|---|---|
| (718) 349-5487/8 | *Director of Sustainability*<br>N.Y.C. DOE of Education<br>44-36 Vernon Blvd.<br>Long Island City, NY 11101 | 718-349-5767 |